**رسَالَةٌ مُخْتَصَرَةٌ بِعُنْوَان:**

# «كَيْفَ أَدْخُلُ فِي الإِسْلَامِ؟»

**مُتَرْجَمَةٌ إِلَى اللُّغَةِ: الأردية**

**«اردو زبان»**


إِعْدَادُ الْفَقِيرِ إِلَى عَفْوِ رَبِّهِ:

**هَيْثَم بْنِ مُحَمَّدٍ سَرْحَان**

الـمُدرِّس بمعهد الحرم بالمسجد النَّبويِّ -سابقًا- والـمُشرِف على معهد السُّنَّة

https://mahadsunnah.com/


غفر الله له ولوالديه ولمن أعانه على إخراج هذا الكتاب

**قامَ بتَرجَمَتِها: محمد وسيم -وفَّقَهُ اللهُ وسَدَّدَهُ-**


الطَّبعة الأولى



[حقوق الطَّبع مُتاحةٌ لكلِّ مسلمٍ بدون أيِّ تغييرٍ في المُحتوى]

¢

| سوال: | جواب: |
| --- | --- |
| کیا اسلام میں داخل ہونا آسان ہے؟ | جی ہاں، اسلام میں داخل ہونے کے لیے کسی واسطے یا رسم ورواج رواج کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ |
| کیا میں اسلام میں فوراً داخل ہو جاؤں یا مناسب وقت کا انتظار کروں یا کچھ مسائل کو حل کروں؟ | اسلام میں فوراً داخل ہونا ضروری ہے۔کیونکہ اسلام میں تاخیر آفات کا باعث بن سکتی ہے، آپ کسی بھی وقت مر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ، اسلام میں داخل ہونا ایک نفع بخش تجارت ہے، اور آپ جتنا جلدی تجارت شروع کریں گے، آپ کا منافع اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ |
| جو شخص اسلام میں داخل ہونا چاہتا ہے، وہ کیا کرے؟ | اس کے لیے صرف شہادتین کا اقرار ضروری ہے: «أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ» یعنی کہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔) |
| اسے کس زبان میں کہے؟ | وہ کسی بھی زبان میں کہہ سکتا ہے جس میں وہ اچھی طرح بول سکتا ہے، اور اسے عربی میں بولنا ضروری نہیں ہے۔ |
| کیا وہ اسے بغیر سمجھے کہے؟ | نہیں، بلکہ لازم ہے کہ وہ اسے سمجھے، اور اس میں شامل ہونے والی باتوں پر ایمان لائے، اور اس کے مطابق عمل کرے۔ |

| سوال: | جواب: |
| --- | --- |
| « **میں گواہی دیتا ہوں**» کا کیا معنی ہے؟ | اس کا معنی یہ ہے کہ میں اپنے دل سے اقرار کرتا ہوں، اپنی زبان سے کہتا ہوں، اور اپنے اعضاء سے عمل کرتا ہوں۔ |
| « **لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ** » کا کیا معنی ہے؟ | اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے۔ |
| « **محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں** » کا کیا مطلب ہے؟ | اس کا مطلب ہے کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔<br>اس شہادت سے یہ لازم آتا ہے کہ: ان کی خبروں پر ایمان لایا جائے، ان کے حکموں کی اطاعت کی جائے، ان کی ممانعتوں سے اجتناب کیا جائے، ان کے طریقہ کار پر عمل کیا جائے اور ان کی پیروی کی جائے۔ |
| میں نے اچھی طرح سمجھ لیا، اب میں کیا کروں؟ | اب میرے پیچھے پیچھے دوہراؤ: «**أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ**». یعنی کہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔) |
| کیا میں اب مسلمان ہوں؟ | ہاں، الحمد للہ، یہ آپ پر اللہ کا فضل ہے۔ |
| آپ مجھے ابھی ایک مسلمان کے طور پر کیا مشورہ دیں گے؟ | میں آپ کو یہی مشورہ دوں گا کہ آپ اللہ سے دعا کریں کہ وہ آپ کو دینِ اسلام پر ثابت قدم رکھے، آپ اچھے ساتھیوں کا انتخاب کریں جو آپ کی اس میں مدد کر سکیں، آپ اسلام سیکھیں، اور آپ اپنی اسلام کو چھپائیں جب تک کہ یہ اللہ کی اجازت سے مضبوط نہ ہو جائے۔ |
| سب سے بہترین دعا کیا ہے؟ | سب سے بہترین دعا یہ ہے: ﴿ ٱهۡدِنَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلۡمُسۡتَقِيمَ ٦ ﴾ [سورہ فاتحہ] |

| سوال: | جواب: |
| --- | --- |
| آسان ترین ذکر کیا ہے؟ | آسان ترین ذکر ﴿بِسۡمِ ٱللَّهِ﴾ ہے۔ اسے مسجد اور گھر داخل ہوتے وقت، وہاں سے نکلتے وقت، قرآن پڑھتے وقت، غسل خانے میں داخل ہونے سے پہلے، کپڑے اتارنے سے پہلے، وضو کرنے سے پہلے، کھانے پینے سے پہلے... اور دیگر مقامات پر کہا جاتا ہے۔ |
| ان گناہوں کا کیا حکم ہے جو میرے پاس اسلام میں داخل ہونے سے پہلے تھے؟ | اسلام ان گناہوں کو مٹادیتا ہے جو اس سے پہلے ہوئے تھے، سوائے ان حقوق العباد کے جن کو ادا کرنا واجب ہے، تو انہیں ان کے مستحقین کو ادا کرنا ضروری ہے۔ |
| مجھے شہادت کے اقرار کے بعد کیا کرنا چاہیے؟ | آپ کو غسل کرنا چاہیے۔ |
| میں کیوں غسل کروں؟ | سب سے پہلی بات: مسلم شخص "کیوں؟" نہیں کہتا، بلکہ صرف یہ کہتا ہے: ﴿سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَاۚ﴾ [نور: 51].<br>دوسری بات: آپ اپنے جسم کے ظاہری حصوں کو اسی طرح پاک کریں جیسے آپ نے اپنے باطنی حصوں کو پاک کیا ہے۔ |
| ٹھیک ہے، میں کیسے غسل کروں؟ | اپنے دل میں غسل کی نیت کریں، اور "بسم اللہ" کہیں، اور پورے جسم کو پانی سے تر کریں۔ |
| غسل کے بعد کیا کروں؟ | اگر نماز کا وقت ہو گیا ہے تو آپ اللہ کی حکم سے نماز پڑھیں۔ |
| مجھے نماز ادا کرنا مشکل لگتا ہے، کیونکہ اس میں ایسے اقوال اور اعمال ہیں جو میں نہیں جانتا۔ | اللہ کا شکر و احسان ہے کہ اسلام آسانی کا دین ہے، نہ کہ دشواری کا۔ |

| سوال: | جواب: |
|---|---|
| میں کیسے نماز پڑھوں؟ | آپ مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ کر نماز پڑھ سکتے ہیں، یا آپ نماز کی تعلیم دینے والے ویڈیوز دیکھ سکتے ہیں۔ معہد السنہ کے چینل پہ کئی زبانوں میں ویڈیوز موجود ہیں، جن کے لنکس آخر میں موجود ہیں۔ |
| پھر نماز کے بعد کیا کروں؟ | آپ کو اسلام کے پانچوں ارکان سیکھنے چاہئیں جن پر اسلام کی بنیاد رکھی گئی ہے، پھر ایمان کے ارکان، اور اسی طرح... دوسری چیز یں سیکھنی چاہئیں یہاں تک کہ آپ اپنے اسلام اور ایمان کو مکمل کر لو۔ |
| مجھے اسلام سیکھنے کے لیے آپ کن ویب سائٹس پر جانے کی نصیحت کرتے ہیں؟ | میں آپ کو بڑے علماء کی ویب سائٹس اور سعودی عرب میں غیر ملکیوں کے لئے بنائی گئی دعوتی تنظیموں (جالیات) کی ویب سائٹس کی نصیحت کرتا ہوں۔ |
| اپنے غیر مسلم رشتہ داروں سے کیسے سلوک کروں؟ | اپنے غیر مسلم رشتہ داروں سے ویسا ہی سلوک کریں جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے غیر مسلموں سے کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اپنی زبان، اپنے اخلاق اور اپنے معاملات کے ذریعے اسلام کی دعوت دی تھی۔ |
| ایسا شخص جو اسلام میں داخل ہونا چاہتا ہے لیکن وہ اپنے گھر والوں کو اپنے اسلام کے بارے میں نہیں بتانا چاہتے، تو اس کا حکم کیا ہے؟ | اسلام میں داخل ہونے والے شخص پر یہ لازم نہیں ہے کہ وہ کسی کو اپنے اسلام کے بارے میں بتائے۔ اس کا اسلام اس کے اور اللہ کے درمیان ہے۔ |

| سوال: | جواب: |
|---|---|
| اسلام میں سب سے بہتر کتاب کون سی ہے؟ | اسلام میں سب سے بہتر کتاب قرآن مجید ہے، کیونکہ یہ اللہ کا کلام ہے۔ |
| قرآن مجید کا سب سے اہم سورہ کون سا ہے؟ | قرآن مجید کا سب سے اہم سورہ سورہ فاتحہ ہے۔ اس لیے ہم ہر رکعت نماز میں سورہ فاتحہ پڑھتے ہیں۔ |
| قرآن مجید میں سب سے عظیم آیت کون سی ہے؟ | قرآن مجید میں سب سے عظم آیت آیت الکرسی ہے۔ |
| میں قرآن پڑھنا کیسے سیکھ سکتا ہوں؟ | قرآن کی تعلیم حاصل کر کے، اور شیخ حذیفی، شیخ حصری، یا دیگر اچھے قاریوں کی تلاوت سن کر کے۔ |
| میں قرآن کو کیسے سمجھوں؟ | قرآن کو سمجھنے کے لیے امت کے مشہور علماء کی لکھی تفسیر کی کتابوں کو پڑھیں۔ |
| مجھے قرآن مجید کی تفسیر کہاں ملے گی؟ | میرا مشورہ ہے کہ آپ مدینہ منورہ میں موجود قرآن مجید کی پرنٹنگ کمپلیکس میں چلے جائیں۔ |
| آپ مجھے قرآن کے بعد کیا پڑھنے کی نصیحت کریں گے؟ | میں آپ کو نبی کریم ﷺ کی صحیح احادیث پڑھنے کی نصیحت کروں گا۔ |
| حدیث کی بہترین کتاب کون سی ہے؟ | حدیث کی بہترین اور صحیح ترین کتاب "صحیح بخاری" ہے۔امت کا اس پر اتفاق ہے،اور علماء کرام نے اس پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ آپ اس رسالہ کے آخر میں کتابوں کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لنک کو ایک بار دیکھ لیں۔ |

| سوال: | جواب: |
| --- | --- |
| سب سے اہم حدیث نبوی کون سی ہے؟ | سب سے اہم حدیث نبوی وہ ہے جس میں دین کے تین مراتب بیان کیے گئے ہیں: اسلام، ایمان، اور احسان۔ یہ حدیث حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے نبی کریم ﷺ سے پوچھی گئی تھی۔ |
| مجھے ڈر ہے کہ میں اسلام سیکھنے کے قابل نہیں ہوں گا؟ | آپ بالکل نہ ڈریں، بلکہ اللہ پر بھروسہ رکھیں، اللہ آپ کی مدد کرے گا۔ دین آسان ہے، اللہ آپ کو کامیاب کرے گا۔<br>آپ ہمارے ساتھ ہماری اکیڈمی "معہد السنہ" میں آن لائن مفت تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔اس کا لنک آخری صفحہ پہ موجود ہے۔<br>آخر میں میں آپ کو نبی ﷺ کے فرمان سے نصیحت کرتا ہوں:<br>"اپنے لیے فائدہ مند چیزوں پر توجہ دیں، اللہ سے مدد طلب کریں اور عاجز نہ ہوں۔" |

## معہد السنہ چینلز کے لنک:

معہد السنہ کی ویب سائٹ:

فیس بک لنک:

ٹیلیگرام لنک:

انسٹاگرام لنک:

ٹوئیٹر (X) لنک:

واٹس اپ لنک:

ہمارا یوٹیوب چینل:

کتابیں ڈاؤن لوڈ کے لئے: